علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: اُردو لازمی (بک ٹو) (364)　　　　سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: انٹر میڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- مندرجہ ذیل سوالوں کے نصاب کے مطابق مختصر جواب دیجیے: (5 × 4 = 20)

I- مضمون ''مامون الرشید'' میں مضمون نگار کیا بتانا چاہتا ہے؟

II- نصاب میں شامل مضمون میں ڈاکٹر وزیر آغا نے مزاح کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے، مختصر وضاحت کریں۔

III- ''سقراط'' کس مصنف کا لکھا مضمون ہے؟ اس کا مرکزی خیال بیان کریں۔

IV- خواجہ حسن نظامی کے مضمون ''مچھر'' کا مرکزی خیال لکھیں۔

V- مضمون ''وطن وملت'' میں مصنف نے کس چیز کی سب سے زیادہ اہمیت بتائی ہے؟

سوال نمبر 2- افسانہ سے کیا مراد ہے؟ نیز ''تماشائے اہل کرم'' کا خلاصہ اور مرکزی خیال تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- الطاف فاطمہ کا افسانہ ''کنڈیکٹر'' میں کہانی کار نے کیا بتانے کی کوشش کی ہے؟ نیز اس افسانے کے کرداروں کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 4- صنف ''شخصیت نگاری'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ فارغ بخاری کے خاکہ ''ان داتا'' پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- مزاح اور مذاق میں کیا فرق ہے؟ پطرس کے مضمون ''لاہور کا جغرافیہ'' کے حوالے سے مزاح نگاری کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- صنف غزل دیگر اصناف سے کیسے مختلف ہے؟ نیز نصاب میں شامل علامہ اقبال کی غزل کا تشریح کریں اور تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 2- ظفر اقبال کی غزل گوئی کے نمایاں اوصاف بیان کریں۔ نصاب میں شامل غزل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح بھی کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- نصاب میں شامل نظمیں ''دور و نزدیک'' اور ''البیلی صبح'' کا تجزیہ و تشریح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- جدید نظم گوئی مجید امجد کا تعارف کرائیں نیز، نصاب میں شامل ان کی نظم ''نفیر عمل'' پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- نوٹ لکھیں: (20)

(الف) آپ بیتی کیا ہے؟ اس کے بنیادی لوازم کون سے ہیں؟ مختصراً جواب لکھیں۔

(ب) صنف ''مضمون نگاری'' کیا ہے؟ کسی مضمون کا نمونہ دے کر بنیادی لوازم واضح کریں۔